# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

### جامعہ ملیہ اسلامیہ میں 'ہندوستان میں خواتین قلم کاروں کی آوازاوں کے توسط سے ذہنی صحت کا جائزہ' کے موضوع پر پینل مباحثہ کا انعقاد

New Delhi, November 10, 2025

سروجی نائیڈو سینٹر فار وومینس اسٹڈیز نے نیوگی بکس کے اشتراک سے مورخہ چھ نومبر دو ہزار پچیس کو 'ہندوستان میں خواتین قلم کاروں کی آوازوں کے توسط سے ذہنی صحت کا جائزہ' کے موضوع پر پینل مباحثے کا انعقاد کیا۔ پروگرام فیکلٹی آف سوشل سائنسس، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈین آفس میں سہ پہر ساڑھے تین سے ساڑھے بجے تک ہوا۔

پروگرام کے سرپرست اعلیٰ پروفیسر مظہر آصف، عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ تھے اور سرپرست پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ تھے۔

پروفیسر نشاط زیدی، اعزازی ڈائریکٹر، سروجنی نائیڈو سینٹر فار وومینس اسٹڈیز کے پرتپاک خطبہ استقبالیہ کلمات سے پروگرام کا آغاز ہوا۔ پروگرام کی صدارت پروفیسر نشاط زیدی اعزازی ڈائریکٹر سروجنی نائیڈو سینٹر فار وومینس اسٹڈیز نے کی۔ پروگرام میں بینڈ یج مومنٹ کتاب کا رسم اجرا، پروگرام اور پینل کے شرکا کا تعارف شامل تھا۔ بینڈ یجڈ مومنٹ کے مختصر افسانوں کی سیریز کی یہ چھبیسویں کتاب ہے جو مختلف ہندوستانی زبانوں کو محیط ہے۔

پینل کے شرکا میں نبینیتا (مدیر و پروفیسر) اور نشا پل گوریلا (مدیر و پروفیسر) نے مختصر افسانوں کو جمع کرنے کے اپنے تجربات بیان کیے اور کشمیری، تیلگو، تمل، گجرازی اور انگریزی زبانوں سے ترجمہ کرنے کے لیے اہل مترجمین کی تلاش کے طریقہ کار کے بارے میں سامعین کو بتایا۔

پروفیسر ثمینہ بانو (پروفیسر شعبہ نفسیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ) نے ذہنی صحت کے مسائل پر گفتگو کی اور اس پر زور دیا کہ خواتین کو اس حالت اور چیلینجز کا اکثر و بیشتر سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے ابلاغ و ترسیل کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ گرچہ یہ موضوعات کافی اہم ہیں تاہم بہت سی درپردہ وجوہات ہیں جن کی وجہ سے لوگ ان پر بات کرنے سے کتراتے ہیں۔

گفتگو کی آخری شریک مترجم لکشمی کنن (شاعر و ناول نویس) نے اس بات پر زور دیا کہ ذہنی صحت کی تدبیر کی جا سکتی ہے اور اسے بہتر کرنے کے سلسلے میں متعدد تدابیر بتائیں۔ گفتگو کے اخیر میں ایک مختصر افسانہ پڑھا گیا۔

پروگرام کافی کامیاب رہا اور تمام حاضرین نے اسے سراہا۔ محترمہ ادیتی (طالبہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ) نے حاضرین و سامعین کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر ترنم صدیقی، سروجنی نائیڈو ومینس اسٹڈیز سینٹر اس پروگرام کی کنوینر تھیں۔ پروگرام کے انعقاد میں سروجی نائیڈو سینٹر فار

وومینس اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ ایم۔اے کی طالبات محترمہ زوبیا،محترمہ مساسوینی اور محترمہ ادیتی نے اپنا بیش قیمت تعاون دیا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

**افسر اعلی،تعلقات عامہ**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ**